## پاک افغان جھڑپیں جاری رہنے سے مزید انسانی جانوں کا ضیاع ہوگا، پشتونخوا میپ

### خلیج میں اسرائیل، امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ وسیع سے وسیع تر اور خطرناک ہوتی جارہی ہے، عبدالرحیم زیارتوال

### اقوام متحدہ کا تباہ کن جنگوں کا راستہ روکنے کیلئے کردار ادا کرنا ناگزیر ہے، آج پشین میں عظیم الشان جلسہ ہوگا، مرکزی جنرل سیکرٹری

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ آج پشین سردار مصطفی خان ترین گراؤنڈ میں عظیم الشان جلسہ عام کا انعقاد ہوگا۔ جلسہ کا انعقاد ایسی صورتحال میں ہونے جارہا ہے کہ ہر جانب جنگ کے شعلے بھڑک رہے ہیں۔ خلیج میں اسرائیل، امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ وسیع سے وسیع تر اور خطرناک ہوتی جارہی ہے اور اب تک اقوام متحدہ اور سلامتی کونسل کے مستقل رکن ممالک موثر کردار ادا کرنے سے قاصر رہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پاکستان اور افغانستان ......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

کے درمیان کئی دنوں سے جاری جھڑپوں اب تک سینکڑوں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ہو چکا ہے اس طرح زخمیوں کی تعداد بھی سینکڑوں میں ہیں اور بے بنائے تعمیرات راک کے ڈھیر بن چکے ہیں اور جھڑپیں تاحال جاری رہنے سے انسانی جانوں کو مزید نقصان ہوگا پاکستان اور افغانستان کے درمیان جنگ روکنے کے لئے تمام ہمسایوں کو اپنی ذمہ داری پوری کرنی ہوگی اور اس طرح آج کے زمانے کے تباہ کن جنگوں کا راستہ روکنا ہوگا بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک کے متفقہ آئین کو غیر منتخب نمائندوں کے ہاتھوں پامال کرتے ہوئے عدلیہ کے پر کاٹے گئے، میڈیا کی آزادی کا گلہ گھونٹا گیا اور ایس آئی ایف سی کے سیاہ قوانین سے صوبائی خودمختاری کا خاتمہ کیا گیا اور صرف یہی نہیں ملکی آئینی اور قانونی اختیارات آئینی اداروں سے چھین لی گئی ہے جو کہ ملک اور اس کے عدم سیاسی استحکام کے سبب بنیں گے۔

## قبائلی وسیاسی رہنماؤں کو نشانہ بنایا جارہا ہے، بی این پی عوامی

### جھالاوان سیاسی کارکنوں، قبائلی معتبرین اور سیاسی قیادت کیلئے غیر محفوظ علاقہ بن چکا ہے

خضدار (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے مرکزی صدر وسابق وفاقی وزیر میر اسرار اللہ خان زہری نے خضدار میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جھالاوان میں قبائلی شخصیات اور سیاسی رہنماؤں کے خلاف بڑھتے قتل وغارت گری کے واقعات قابل مذمت اقدام ہے۔ میر اسرار اللہ خان زہری نے کہا جھالاوان میں سیاسی کارکنوں، قبائلی معتبرین اور سیاسی قیادت کیلئے غیر محفوظ علاقہ بن چکا ہے......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

میر اسرار اللہ خان زہری نے کہا کرزگی مینگل قبائل کے نوجوان رئیس صادق عالیجاہ کے دن دیہاڑے قتل پر دلی رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے اسے ایک ناقابل تلافی نقصان قرار دیا انہوں نے کہا رئیس محمد صادق کرزگی ایک قابل نوجوان اور عوامی فلاح کے جذبے سے سرشار قبائلی معتبر تھے۔ جن کی قتل نے علاقے میں سوگ کی فضاء پیدا کردی ہے انہوں نے مقتول کے بھائیوں ڈاکٹر محمد مراد مینگل، معظم عالیجاہ مینگل ودیگر اہل خانہ سے دلی ہمدردی وتعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی رئیس محمد صادق زہری کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو اس سانحہ کو برداشت کرنے کی صبر جمیل عطاء کرے میر اسرار اللہ خان زہری نے مزید کہا کہ قبائلی معتبرین سیاسی رہنماؤں کو سرعام نشانہ بنایا جارہا ہے اور علاقہ میں قتل گردی کے واقعات میں خوفناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے

Century Express Quetta

## سردار اختر مینگل سے پارٹی رہنماؤں کی اہم ملاقات

### سیاسی صورتحال سمیت این اے 256 کے ضمنی انتخابات پر بھی تفصیلی غور کیا گیا

خضدار (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل سے پارٹی رہنماؤں اور عہدیداران کی ایک اہم اجلاس وڈھ میں منعقد ہوئی جس میں سیاسی وتنظیمی امور پر سیر حاصل گفتگو کی گئی۔ اجلاس میں سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی، ضلعی کابینہ، خضدار سٹی کابینہ اور سینئر کارکنان نے بھرپور شرکت کی۔ ذرائع کے مطابق مجموعی سیاسی صورتحال کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ NA-256 خضدار میں ہونے والے ضمنی انتخاب پر بھی تفصیلی مشاورت کی گئی۔ ملاقات میں بی این پی کے مرکزی پبلکیشن سیکرٹری ڈاکٹر عبد القدوس کرد، سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

(باقی صفحہ 5 نمبر 8)

واجہ لعل جان بلوچ، سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن و ضلعی صدر شفیق الرحمن ساسولی شریک تھے۔ ضلعی نائب صدر نور احمد میراجی اور جنرل سیکرٹری عبدالنبی بلوچ کی قیادت میں ضلعی کابینہ وسینئر ضلعی دوستوں نے جبکہ سٹی خضدار کی جانب سے سٹی صدر سفر خان مینگل اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر محمد بخش مینگل کی قیادت میں سٹی کابینہ اور رہنماؤں نے شرکت کی۔ اس موقع پر سردار زادہ گورگین مینگل، سینئر رہنما ڈاکٹر عزیز بلوچ، این اے 256 کے آزاد امیدوار ایڈووکیٹ عثمان بلوچ، آزاد امیدوار ایڈووکیٹ خالد محمود مینگل، آزاد امیدوار محمد ایوب عالیزئی، منیر احمد، محمد اسلم لوتانی، عبدالعزیز میراجی سمیت دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔ اجلاس میں پارٹی کی آئندہ حکمت عملی، تنظیمی معاملات اور خصوصاً خضدار کے ضمنی انتخاب کے حوالے سے مختلف تجاویز اور امور پر غور کیا گیا۔

## عید پر غرباء اور مساکین کا خیال رکھیں، ہدایت الرحمان

### بارڈرز بند ہونے سے غربت اور بیروزگاری میں اضافہ اور کاروبار تباہ ہو چکا ہے

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ عوام الناس حقوق کے حصول، ظلم وجبر لاقانونیت کے خلاف جدوجہد جاری رکھیں عید کے موقع پر مظلوم فلسطینیوں سمیت عالم اسلام اور اہل بلوچستان کو خصوصی دعاں میں یاد رکھیں عید کی خوشیوں میں ضرورت مندوں غربا ومساکین کو بھی شامل کریں۔ اہل بلوچستان آج بھی ظلم وجبر کا شکار اور بدامنی کی آگ میں جل رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں انہوں نے گوادر میں وفود سے ملاقات میں گفتگو اور اجلاس سے خطاب میں کیا مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ رمضان المبارک میں جو عبادات کیے جارہے تھے ان کو جاری رکھا جائے صرف ماہ رمضان کو عبادات کا مہینہ سمجھنے بقیہ گیارہ مہینے مسجد تقوی وعبادات سے دور رہنے والے ناکام (باقی صفحہ 5 نمبر 11)

(باقی صفحہ 5 نمبر 11)

ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے بارڈرز بند ہونے سے غربت وبے روزگاری میں اضافہ کردیا ہے جبکہ بلوچستان کے وسائل لوٹے جارہے ہیں ہر طرف لوٹ مار، کرپشن اقرباپروری کا دوردورہ رشوت کا بازار گرم ہے حکومتی سطح پر روزگار نہ ہونے کے برابر، کارخانے وزراعت ختم رہی سہی کسر بارڈرز بندش نے پورا کردیا ہے۔ عوام نان شبینہ کے محتاج ہیں علاج وتعلیم اور روزگار وتجارت نہیں ہیں ان حالات میں بلوچستان میں نوجوان کیا کریں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 23 MAR 2026 Page No. 12


## تربت: تیل بردار گاڑیوں کو لوٹنے والے گروہ کا سرغنہ گرفتار، اسلحہ قبضے میں لے لیا

### ملزم نے ابتدائی تفتیش میں دیگر ساتھیوں کی نشاندہی کردی، گرفتاری کیلئے پولیس کے چھاپے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) تربت پولیس نے تیل بردار گاڑیوں کو لوٹنے گروہ کے سرغنہ کو گرفتار کرکے اسلحہ قبضے میں لے لیا پولیس کے مطابق ایس پی تربت زوہیب محسن کو شکایات موصول ہو رہی تھیں کہ ایک منظم مسلح گروہ جیوانی، مند اور سوراپ سے آنے والی تیل بردار گاڑیوں کو لوٹتا ہے ڈرائیوروں کو اسلحہ کے زور پر یرغمال بنا کر ان کی آنکھوں پر پٹیاں باندھتے اور ہاتھ پاؤں رسیوں سے باندھ کر ویران علاقوں میں پھینک دیتے ہیں ایس پی نے نوٹس لیتے ہوئے ایک ٹیم تشکیل دی جس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے گروہ کا سراغ لگایا جو اور سیز کالونی میں رہائش پذیر ہے ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے گروہ کے سرغنہ محمد رحیم کو گرفتار کرکے اسلحہ قبضے میں لے لیا پولیس نے بتایا کہ ابتدائی تفتیش میں ملزم نے دیگر ساتھیوں کی نشاندہی کی ہے جن کی گرفتاری کیلئے پولیس چھاپے مار رہی ہے۔

## خاران میں دو لاشیں برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) خاران میں دو لاشیں برآمد ہوئیں پولیس کے مطابق خاران پولیس کو اطلاع ملی تھی کہ خاران کے میدانی علاقے میں دو لاشیں پڑی ہوئیں ہے جنہیں تحویل میں لے کر ہسپتال پہنچایا جہاں لاشیوں کی شناخت سعد ساسولی اور احمد محمد حسنی ناموں سے ہوئی نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے قتل کرنے کے بعد لاشیں پھینک کر فرار ہوگئے ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کردی گئیں۔


MASHRIQ QUETTA


## نوشکی، ڈکیتی کے دوران فائرنگ، راہزن ہلاک

### راہزن کے دو ساتھی موٹر سائیکل لے کر فرار ہونے میں کامیاب، پولیس تحقیقات کر رہی ہے

نوشکی (آن لائن) عیدالفطر کے پہلے دن مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جان بحق اور ایک شخص شدید زخمی، شہر میں رہزنی کی ناخوشگوار واقعہ موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش مسلح ڈاکوؤں نے مزاحمت پر سعود احمد نوجوان کو فائرنگ کرکے زخمی کر دیا جوابی فائرنگ میں مسلح راہزن جان سے چلا گیا پولیس ذرائع اور زخمی سعود کے لواحقین نے بتایا کہ بوائز ہائی سکول کے قریب موٹر سائیکل پر سفر کرنے والے نوجوان سعود احمد کو تین مسلح راہزنوں نے روک کر موٹر سا........ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

ئیکل چھیننے کی کوشش کی سعود احمد نے مزاحمت کی تو مسلح افراد نے ان پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ان کو چار گولیاں لگی اس دوران زخمی نوجوان کی جوابی فائرنگ سے ایک مسلح شخص جاں بحق ہوگیا جبکہ دو دیگر ساتھی موٹر سائیکل لے کر فرار گئے زخمی سعود احمد کو میر گل خان نصیر ٹیچنگ ہسپتال میں طبی امداد دے کر مزید علاج کے لئے کوئٹہ روانہ کر دیا گیا


INTEKHAB QUETTA


## حب، فائرنگ کے مختلف واقعات میں 3 افراد زخمی

### بکری پر فائرنگ، ڈکیتی کے دوران مزاحمت اور گھریلو ناچاقی کے واقعات، زخمی ہسپتال منتقل

حب (نمائندہ انتخاب) عیدالفطر کی تعطیلات کے دوران حب بھوانی میں فائرنگ کے تین مختلف واقعات میں 3 افراد زخمی ہوگئے، حب شہر میں بکری پر فائرنگ سے ایک شخص زخمی، بھوانی میں ڈکیتی مزاحمت کے دوران گولی لگنے سے شہری زخمی جبکہ چیزل آباد میں گھریلو ناچاقی پر فائرنگ سے شہری زخمی ہوگیا، زخمیوں کو اسپتال منتقل کر دیا گیا اور ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد کراچی منتقل کر دیا گیا اس حوالے سے ایدھی ریسکیو ذرائع کے مطابق عیدالفطر تعطیلات کے دوران حب اور بھوانی میں تین فائرنگ کے واقعات پیش آئے حب شہر میں نامعلوم افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں اسامہ نامی شخص آنکھ اور ہاتھ پر گولی لگنے کے سبب شدید زخمی ہوگیا، بھوانی کجر گوٹھ کے قریب ڈکیتی و مزاحمت کے دوران نور علی فائرنگ کی زد میں آکر ٹانگ پر گولی لگنے اور حب کے علاقے چیزل آباد میں گھریلو ناچاقی کے سبب فائرنگ سے کبیر نامی نوجوان ٹانگ پر گولی لگنے سے زخمی ہوگیا۔


CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 23 MAR 2026 Page No. 13

# خضدار میں مہنگائی، ناجائز منافع خوری انتہا کو پہنچ گئی، خریدار پریشان

**پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے نام خوردنی، سبزیوں، پھلوں اور استعمال کی اشیاء کے ریٹ ڈبل ہوگئے**

**گیس ڈیلرز نے سرکاری نرخ ناموں کو یکسر نظر انداز کردیا، ایرانی گیس فی کلو گیس 350 روپے میں فروخت جاری**

**متعلقہ حکام کی مجرمانہ غفلت اور لاپرواہی نے ناجائز منافع خوروں کو کھلی چھوٹ دے رکھی ہے، ضلعی اعلیٰ حکام نوٹس لیں**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار میں مہنگائی، ناجائز منافع خوری انتہا کو پہنچ گئی ہے ہر چیز مہنگائی نے لوگوں کو ذہنی مریض بنا دیا ہے منافع خوروں شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے مگر حکام خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ شہر بھر میں گیس ڈیلروں نے سرکاری نرخوں کو یکسر نظر انداز کرتے ہوئے ایرانی گیس کہ فی کلو گیس 350 روپے میں فروخت شروع کر رکھی ہے جبکہ سرکاری طور پر مقررہ قیمت 280 روپے ہے۔ اسکے علاوہ بیشتر دکاندار نرخ نامہ آویزاں کرنے کی زحمت بھی گوارا نہیں کر رہے، جس کے باعث عوام سخت ذہنی اذیت اور پریشانی کا شکار ہیں غریب عوام جو پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پس رہی ہے، اب گیس مافیا کے رحم و کرم پر چھوڑ دی گئی ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ متعلقہ حکام کی مجرمانہ غفلت اور لاپرواہی نے ناجائز منافع خوروں کو کھلی چھوٹ دے رکھی ہے، جس کے نتیجے میں قانون کی دھجیاں اڑائی جا رہی ہیں اور عوام کو سرعام لوٹا جا رہا ہے عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر خضدار، اسسٹنٹ کمشنر خضدار سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ اس سنگین صورتحال کا فوری نوٹس لیا جائے گیس ڈیلروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اور انہیں سرکاری نرخ نامہ پر عملدرآمد کروا کر عوام کو اس ظلم و زیادتی سے نجات دلائی جائے۔

INTEKHAB QUETTA

# کوئٹہ کراچی شاہراہ کو دو رویہ کرنے کا منصوبہ التواء کا شکار

**قومی شاہراہ کو فوری طور پر ڈبل وے کام کو شروع کیا جائے تاکہ قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع روکا جا سکے، خضدار کے عوام کا مطالبہ**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار قومی شاہراہ کوئٹہ ٹو کراچی شاہراہ کو ڈبل وے کرنے کا منصوبہ طویل عرصے سے التوا کا شکار ہو گیا ہے، تاہم خضدار کے عوام نے ایک بار پھر حکومت سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ قومی شاہراہ کو فوری طور پر ڈبل وے کام کو شروع کیا جائے تاکہ قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع روکا جا سکے شہریوں کے مطابق مذکورہ شاہراہ خضدار ایک انتہائی اہم اور معروف راستہ ہے جہاں تیز رفتار ٹریفک تنگ سڑک کیباعث اب تک سینکڑوں حادثات رونما ہو چکے ہیں۔ ان حادثات میں بے شمار افراد جان کی بازی ہار چکے ہیں جبکہ کئی خاندان مستقل غم اور مشکلات کا شکار ہوا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگرچہ کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ کو ڈبل وے کرنے کا منصوبہ شروع نہ کیا گیا تو اللہ نہ کرے شاہراہ پر مزید حادثات ہونے کا خدشہ ہے جو شدید تشویش کا باعث ہے شہریوں نے واضح کیا کہ مزید تاخیری حربہ حادثات کو دعوت دینے کے مترادف ہے خضدار کے عوامی و سماجی حلقوں اور ٹرانسپورٹرز نے اپنے علاقے کے ایم پی اے، ایم این اے، صوبائی اور وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اس ٹریفک کیلئے سڑک کو ترجیحی بنیادوں پر ڈبل کر کیا اور تعمیراتی کام فوری طور شروع کیا جائے۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ شاہراہ کی بہتری نہ صرف حادثات میں کمی لائے گی بلکہ خضدار سمیت پورے علاقوں کی معاشی سرگرمیوں، تجارت اور سفری سہولیات میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔

# حب شہریوں کیلئے K الیکٹرک کا تحفہ، عید پر بجلی بند کردی

**چاندرات، عید کے پہلے اور دوسرے روز شہری بجلی سے محروم رہے، رہی سہی کسر گیس لوڈشیڈنگ نے پوری کردی، عوامی حلقوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ**

حب (نمائندہ انتخاب) عید الفطر کی خوشیوں کے موقع پر کے الیکٹرک کا لوڈشیڈنگ کا تحفہ، بعض شہری علاقے چاندرات، عید الفطر کے پہلے اور دوسرے روز بھی بجلی سے محروم رہے جبکہ بجلی اور سوئی گیس لوڈشیڈنگ نے میٹھی عید کی خوشیاں پھیکی کر دیں، اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ کے الیکٹرک کی ناقص نیٹ ورک حب کے عوام کیلئے وبال جان بن گئی، عید کے موقع پر عوام کو بجلی کی سہولیات فراہم کرنے کی بجائے کے الیکٹرک نے لوڈشیڈنگ کا تحفہ دے دیا، حب کے بعض شہری علاقے عید کی تعطیلات

بقیہ نمبر48 صفحہ 5 پر

کے دنوں بھی اندھیرے میں ڈوبے رہے، جس کی وجہ سے گھریلو صارفین کو مشکلات کا سامنا رہا، حب کے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے عید الفطر کے موقع پر شہریوں کو بجلی کی سہولیات فراہم کرنے کے دعوے تو کئے گئے لیکن بلوچستان کے صنعتی شہر حب میں چاندرات سے حب شہر کے بعض علاقے اندھیرے میں ڈوبے ہوئے ہیں اور عید کے پہلے اور دوسرے دن بھی بجلی بحال نہ ہو سکی چند منٹوں کیلئے بجلی ہونے کے بعد پھر سے غائب ہو گئی، بعد ازاں کے الیکٹرک انتظامیہ کی جانب سے حسب روایت کیبل فالٹ کے سبب بجلی منقطع اور صارفین سے معذرت خواہ کی سوشل میڈیا پر پوسٹ وائرل کی گئی، عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ عید الفطر کے پہلے اور دوسرے روز بھی حسب معمول اعلانیہ و غیر لوڈشیڈنگ کا سلسلہ تسلسل سے جاری رہا جس کی وجہ سے میٹھی عید کی خوشیاں پھیکی ہو گئیں اور رہی سہی کسر سوئی سدرن گیس انتظامیہ نے لوڈشیڈنگ کر کے پوری کردی۔ عوامی حلقوں نے حکام سے کے الیکٹرک اور سوئی سدرن گیس انتظامیہ کی زیادتیوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 6

Daily: Balochistan Time Quetta

Dated: 23 MAR 2026 Page No. 16

# Infrastructure development

Balochistan is a land of immense potential. Yet, beneath its rich tapestry of natural resources lies a harsh reality, crumbling infrastructure that cripples the lives of its citizens. The provincial government's struggle to effectively address this issue is a cause for serious concern. Quetta, the provincial capital, presents a microcosm of the wider problem. Potholed roads snake through the city, hindering movement and business. Erratic electricity supply disrupts daily routines and stifles economic activity. The specter of water scarcity looms large, a constant reminder of inadequate water management systems. Quetta city is the largest city of the province but its roads are in dilapidated condition, traffic issue has worsened, sewerage lines are choked and garbage dumping process has become completely obsolete., These issues are not new. Successive governments have unveiled grand plans and lofty promises. Yet, tangible progress remains elusive. Projects are often plagued by delays, bureaucratic hurdles, and allegations of mismanagement. The optics of neglecting basic infrastructure while pursuing vanity projects further erode public trust. The consequences of this inaction are far-reaching. It discourages investment, hindering economic growth and job creation. It limits access to essential services like education and healthcare. It fuels frustration and a sense of neglect among the people of Balochistan. The path forward demands a paradigm shift. Balochistan needs a comprehensive infrastructure development plan, not piecemeal projects. Transparency and accountability in project execution are paramount. Engaging the private sector through Public-Private Partnerships (PPPs) can unlock much-needed investment. The potential benefits of addressing these issues are immense. A robust infrastructure network would unlock Balochistan's economic potential, creating jobs and attracting investment. It would improve the quality of life for citizens, fostering a sense of inclusion and belonging. The time for rhetoric is over. Balochistan's government must demonstrate a genuine commitment to infrastructure development. The future prosperity and well-being of the province hinge on addressing this critical challenge. Only then can Balochistan's dreams be built on a solid foundation, not on the crumbling remains of unfulfilled promises. Now it is an opportunity for the incumbent Balochistan government led by Mir Sarfaraz Bugti and his cabinet to exhibit their talent and strive hard to improve the condition of Quetta city as well as other cities of the province. The misuse of funds and mismanagement should be stopped as people of the province could afford this thing anymore.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 23 MAR 2026

Page No. 15


# بلوچستان: بیانیے کی جنگ، بدلتی عسکریت اور ایک ریاست کی خاموش قربانیاں


محمد اکرم چوہدری


بلوچستان کی سرزمین ایک بار پھر ایک ایسی بحث کے مرکز میں ہے جو محض سکیورٹی یا سیاست تک محدود نہیں رہی بلکہ بیانیوں، معلومات اور حقیقت کے درمیان ایک پیچیدہ کشمکش کی صورت اختیار کر چکی ہے۔ کوئٹہ میں حالیہ دنوں سامنے آنے والا ایک واقعہ، جس میں ایک نوجوان خاتون نے ممکنہ خودکش حملے کی تیاری کا اعتراف کیا، اس پورے منظرنامے کو ایک نئے زاویے سے دیکھنے پر مجبور کرتا ہے۔ یہ محض ایک واقعہ نہیں بلکہ ایک ایسے رجحان کی علامت ہے جو بیک وقت کئی سطحوں پر سامنے آ رہا ہے: عسکری حکمت عملی، سماجی بیانیہ، اور عالمی سطح پر رائے عامہ کی تشکیل۔

بلوچستان میں شورش کی تاریخ نئی نہیں۔ قیام پاکستان کے بعد سے مختلف ادوار میں یہاں مزاحمت، بغاوت اور ریاستی ردعمل کی ایک طویل داستان موجود ہے۔ تاہم اس طویل تاریخ میں ایک پہلو تقریباً غیر موجود رہا خواتین کی خودکش حملوں میں شمولیت۔ یہی وجہ ہے کہ اپریل 2022 میں کراچی یونیورسٹی میں ہونے والا حملہ، جس میں ایک تعلیم یافتہ خاتون شاری بلوچ ملوث تھیں، ایک غیر معمولی موڑ کے طور پر دیکھا گیا۔ اس واقعے نے نہ صرف سکیورٹی اداروں بلکہ تجزیہ کاروں کو بھی چونکا دیا، کیونکہ یہ ایک نئی حکمت عملی کی نشاندہی کر رہا تھا۔

اس کے بعد سے مختلف رپورٹس اور دعوے سامنے آئے جن میں خواتین کی مزید شمولیت کا ذکر کیا گیا۔ کچھ نام بھی زیر بحث آئے، اور یہ تاثر ابھرا کہ عسکری تنظیمیں خواتین کو باقاعدہ طور پر اپنی حکمت عملی کا حصہ بنا رہی ہیں۔ تاہم اس حوالے سے دستیاب معلومات کا بڑا حصہ یا تو دعووں پر مبنی ہے یا جزوی طور پر تصدیق شدہ، جس کے باعث محتاط تجزیہ ضروری ہو جاتا ہے۔ ایک پیچیدہ مسئلے کو سادہ بیانیے میں ڈھالنا نہ صرف حقیقت کو مسخ کرتا ہے بلکہ پالیسی سازی کو بھی متاثر کر سکتا ہے۔

اس ساری بحث میں "لاپتہ افراد" کا مسئلہ ایک مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ بلوچستان میں جبری گمشدگیوں کے الزامات ایک عرصے سے انسانی حقوق کی تنظیموں اور مقامی حلقوں کی جانب سے اٹھائے جاتے رہے ہیں۔ دوسری جانب ریاستی ادارے ان میں سے بعض دعووں کو متنازع یا غیر مصدقہ قرار دیتے ہیں۔ حالیہ واقعے نے اس بحث کو ایک نئی جہت دی ہے — اگر کوئی فرد پہلے "لاپتہ" کے طور پر پیش کیا جائے اور بعد میں عسکری سرگرمی سے جڑا ہوا سامنے آئے، تو یہ سوال اٹھتا ہے کہ بیانیہ کہاں درست تھا اور کہاں نہیں۔ یہاں ایک اہم نکتہ یہ ہے کہ کسی ایک واقعے کی بنیاد پر پورے مسئلے کو رد یا قبول نہیں کیا جا سکتا۔ ہر کیس کی اپنی نوعیت، پس منظر اور حقیقت ہوتی ہے۔ تاہم یہ بھی حقیقت ہے کہ بیانیے کی دنیا میں ایک واقعہ بھی پورے ڈسکورس کو بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ معلومات کی تصدیق اور ذمہ دارانہ رپورٹنگ پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہو چکی ہے۔

بلوچستان کے موجودہ حالات کو صرف اندرونی زاویے سے دیکھنا بھی کافی نہیں۔ پاکستان کے سکیورٹی ادارے متعدد بار یہ موقف اختیار کر چکے ہیں کہ بلوچستان میں سرگرم بعض عسکری گروہوں کو بیرونی حمایت حاصل رہی ہے۔ خاص طور پر بھارت کے حوالے سے یہ الزامات مسلسل سامنے آتے رہے ہیں کہ وہ خطے میں عدم استحکام پیدا کرنے کے لیے علیحدگی پسند عناصر کی معاونت کرتا ہے، اگرچہ بھارت ان الزامات کو مسترد کرتا ہے۔ اسی طرح بعض تجزیہ کار خطے میں وسیع تر جیوپولیٹیکل مقابلے، مشرقِ وسطیٰ کی سیاست، اور دیگر بین الاقوامی عوامل کو بھی اس تناظر میں دیکھتے ہیں۔ اسرائیل جیسے ممالک کا نام بھی بعض حلقوں میں زیر بحث آتا ہے، تاہم ان دعووں کی نوعیت پیچیدہ اور اکثر متنازع رہتی ہے، جن کے لیے آزادانہ اور ٹھوس شواہد کا ہونا ضروری ہے۔

یہ پہلو اس حقیقت کو اجاگر کرتا ہے کہ جدید تنازعات میں داخلی اور خارجی عوامل ایک دوسرے سے الگ نہیں رہتے۔ مقامی شکایات، سیاسی محرومیاں، علاقائی طاقتوں کے مفادات، اور عالمی سطح پر جاری مسابقت یہ سب مل کر ایک ایسا پیچیدہ ماحول تشکیل دیتے ہیں جہاں کسی ایک سادہ وضاحت سے کام نہیں چلتا۔ اس تمام صورتحال کے بیچ ایک حقیقت ایسی ہے جو کسی بھی بحث سے بالاتر ہے وہ ہے پاکستان کی مسلح افواج اور سکیورٹی اداروں کی قربانیاں۔ گزشتہ دو دہائیوں میں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہزاروں جوانوں اور افسران نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ یہ قربانیاں صرف سرحدوں پر نہیں بلکہ شہروں، پہاڑوں اور دور دراز علاقوں میں دی گئیں، جہاں اکثر نہ کوئی کیمرہ ہوتا ہے اور نہ کوئی فوری شہرت۔

یہ ایک ایسی خاموش جنگ ہے جسے لڑنے والے اکثر گمنام رہتے ہیں، مگر ان کی قربانیاں ریاست کی بنیادوں کو مضبوط رکھتی ہیں۔ دنیا کی تاریخ میں بھی یہ حقیقت بارہا دہرائی گئی ہے کہ قومیں صرف طاقت سے نہیں بلکہ قربانی کے جذبے سے زندہ رہتی ہیں۔ پاکستان میں بھی یہی جذبہ بارہا سامنے آیا ہے چاہے وہ دہشت گردی کے خلاف آپریشنز ہوں یا شہریوں کی حفاظت کے لیے جانیں قربان کرنے والے اہلکار۔ تاہم جنگ کی نوعیت اب بدل چکی ہے۔ آج کی جنگ صرف بندوق اور بارود تک محدود نہیں بلکہ معلومات، بیانیے اور ذہنوں پر بھی لڑی جا رہی ہے۔ سوشل میڈیا اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز نے اس عمل کو بے حد تیز کر دیا ہے۔ ایک خبر، ایک ویڈیو یا ایک دعویٰ چند لمحوں میں عالمی سطح پر پھیل جاتا ہے، اور اکثر اوقات رائے پہلے قائم ہو جاتی ہے جبکہ حقائق بعد میں سامنے آتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6 Dated 2 3 MAR 2026 Page No. 16


# حکومت بلوچستان کے مؤثر اقدامات اور ضلعی انتظامیہ سبی کی مثالی کارکردگی

ماہ رمضان المبارک رحمت، برکت اور ہمدردی کا مہینہ ہے، جس میں معاشرے کے مستحق اور نادار طبقات کی مدد کو خصوصی اہمیت حاصل ہوتی ہے۔ اس تناظر میں حکومت بلوچستان کی جانب سے

رپورٹ:۔ عنایت الرحمٰن

عوامی ریلیف کے لیے بھرپور اقدامات کیے گئے، جن میں خصوصی رمضان پیکج نمایاں حیثیت رکھتا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں شروع کیا گیا یہ پیکج نہ صرف مستحق خاندانوں کے لیے سہارا ثابت ہوا بلکہ اس نے حکومتی فلاحی وژن کی عملی تصویر بھی پیش کی۔



وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق رمضان پیکج کے تحت مستحقین تک راشن کی فراہمی کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنایا گیا، جس کا مقصد مہنگائی کے اثرات کو کم کرنا اور کمزور طبقات کو ریلیف فراہم کرنا تھا۔ اس سلسلے میں صوبے بھر میں ایک منظم حکمت عملی کے تحت راشن کی تقسیم کا عمل جاری رکھا گیا، جس میں شفافیت اور میرٹ کو ہر سطح پر مقدم رکھا گیا۔

اس پورے عمل میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی مؤثر نگرانی نے کلیدی کردار ادا کیا۔ ان کی ہدایات کی روشنی میں رمضان پیکج کی تقسیم کو شفاف، منظم اور مستحقین تک بروقت پہنچانے کے لیے ایک مضبوط مانیٹرنگ نظام قائم کیا گیا، جس کے باعث امدادی سرگرمیوں میں نظم و ضبط اور اعتماد کو یقینی بنایا جاسکا۔

ضلع سبی میں مثالی اقدامات

سبی میں ضلعی انتظامیہ نے رمضان المبارک کے دوران عوامی ریلیف کے لیے قابل تحسین اقدامات کیے۔ سبی میں رمضان سستا بازار کا انعقاد کیا گیا جہاں فروٹ، سبزیاں، آلو، پیاز، ٹماٹر، دودھ، دہی، کھجور، مرغی کا گوشت، بیف اور دیگر کریانہ اشیاء رعایتی نرخوں پر فراہم کی گئیں۔ اس بازار میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور سستی و معیاری



اشیاء سے بھرپور فائدہ اٹھایا۔ ضلعی انتظامیہ نے نہ صرف سستا بازار قائم کیا بلکہ اس کی مسلسل نگرانی بھی یقینی بنائی۔ ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے مختلف مواقع پر بازار کا دورہ کر کے قیمتوں، معیار اور دستیابی کا جائزہ لیا اور ہدایت کی کہ سرکاری نرخنامے پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے تاکہ عوام کو حقیقی ریلیف مل سکے۔



راشن کی شفاف تقسیم

رمضان پیکج کے تحت سبی میں مختلف مقامات جیسے سرکٹ ہاؤس، پردہ کلب، سائبان ویلفیئر ٹرسٹ، وومن ہاسٹل اور بختیار آباد سمیت دیگر علاقوں میں مستحقین میں راشن بیگز تقسیم کیے گئے۔ اس عمل کی نگرانی ڈپٹی کمشنر سبی اور اسسٹنٹ کمشنرز نے خود کی، جبکہ مستحقین کی فہرستیں باقاعدہ سروے اور جانچ پڑتال کے بعد مرتب کی گئیں۔ داہیال، کڑک، مرغزانی، مل گولکوری، گاؤں فیض، لونی اور گاؤشہر سمیت مختلف علاقوں میں نادار، بیواؤں، دیہاڑی دار مزدوروں اور کم آمدن والے خاندانوں کو ترجیحی بنیادوں پر راشن فراہم کیا گیا۔ انجمن تاجران کے تعاون سے بھی مستحقین کی نشاندہی کو یقینی بنایا گیا تاکہ امداد حقیقی حقداروں تک پہنچ سکے۔

عوامی ردعمل اور عید کی خوشیاں

راشن کی تقسیم کے دوران مستحقین نے حکومت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اظہار تشکر کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس امداد سے نہ صرف رمضان المبارک میں انہیں ریلیف ملا بلکہ عید کی خوشیوں میں بھی اضافہ ہوا، کیونکہ بنیادی ضروریات کی فراہمی نے ان کی مشکلات میں نمایاں کمی کی۔

مجموعی جائزہ

مجموعی طور پر دیکھا جائے تو وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن، چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی مؤثر نگرانی اور ضلعی انتظامیہ سبی کی عملی کارکردگی نے رمضان پیکج کو ایک کامیاب عوامی فلاحی اقدام بنا دیا۔ شفافیت، منظم حکمت عملی اور بروقت فراہمی کے ذریعے نہ صرف مستحقین کی مدد کی گئی بلکہ عوام کا حکومتی اقدامات پر اعتماد بھی بحال ہوا۔

یہ اقدامات اس بات کی واضح مثال ہیں کہ اگر حکومتی پالیسیوں پر خلوص نیت سے عملدرآمد کیا جائے تو عوامی فلاح و بہبود کے منصوبے حقیقی معنوں میں معاشرے میں مثبت تبدیلی لا سکتے ہیں، اور یہی وہ قدم ہیں جو ایک خوشحال اور مستحکم بلوچستان کی بنیاد رکھتے ہیں۔

☆☆☆

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 23 MAR 2026

Page No. 17

